ہمیشہ آپ کے ساتھ
روزنامہ لازوال

پروفیسر شمیم حنفی اپنے عہد کے بڑے ناقد، محقق، شاعر، ڈراما نگار اور دانشور تھے: پروفیسر کوثر مظہری

پروفیسر شمیم حنفی کا شمار صف اول کے ناقدین میں ہو نا چاہئے: پروفیسر اسلم جمشید پوری

چودھری چرن سنگھ یونیورسٹی کے شعبہء اردو میں معروف ادیب و ناقد پروفیسر کوثر مظہری کا لیکچر

لازوال ڈیسک

میرٹھ /// پروفیسر شمیم حنفی اپنے عہد کے بڑے ناقد، محقق، شاعر، ڈراما نگار اور دانشور تھے۔ان کی شہرت نہ صرف ہندوستان بلکہ عالمی پیمانے پر تھی۔انہوں نے اردو ادب کی بہت خدمت کی۔وہ اپنے شاگردوں کے حلقے میں بھی نہایت مقبول تھے۔انہوں نے اپنی تصانیف سے اردو تنقید کو اعتبار بخشا اور اس کو استحکام عطا کیا۔اردو دنیا آپ کی تنقید نگاری کو تسلیم کرتی ہے۔آپ کی چھوڑی ہوئی ادبی میراث سے ایک پوری نسل فیض یاب ہورہی ہے اور یہ فیض ہمیشہ جاری رہے گا۔یہ الفاظ تھے پروفیسر کوثر مظہری کے جو شعبہء اردو میں اپنے لیکچر کے دوران ادا کررہے تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ پروفیسر شمیم حنفی بے لاگ و لپیٹ کے اصل موضوع سے متعلق ہی تحریریں رقم کرتے تھے۔ان کی تنقیدی تحریروں میں غیر جانبدارانہ شعور کی کارفرمائی نظر آتی ہے۔اس سے قبل پروگرام کا آغاز شعبے کے استاد ڈاکٹر آصف علی نے پروفیسر کوثر مظہری کا استقبال اور تعارف پیش کرتے ہوئے کیا۔ پروگرام کی صدارت پروفیسر اسلم جمشید پوری نے فرمائی۔اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پروفیسر اسلم جمشید پوری نے کہا کہ میری یہ خوش قسمتی ہے کہ پروفیسر شمیم حنفی میرے اساتذہ میں شامل ہیں۔ان کی تربیت اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کی محنت کا ہی فیض ہے کہ میں آج ادب کی خدمات انجام دے رہا ہوں۔ پروفیسر کوثر مظہری میرے سینئر ساتھیوں میں سے رہے ہیں۔ان کی

تشریف آوری سے مجھے قلبی خوشی کا احساس ہو رہا ہے۔ ہماری چھوٹی سی درخواست پر وہ شعبے میں تشریف لائے۔ کوثر مظہری خود اچھے شاعر اور ادبی تنقید کا معتبر نام ہے۔ڈاکٹر ارشاد سیانوی نے کہا کہ شمیم حنفی ایک اچھے ناقد اور محقق بھی تھے۔اس کے علاوہ انسان دوستی کی مثال یہ ہے کہ وہ اپنے یہاں آئے ہوئے کسی بھی شخص سے اس طرح سے ملتے تھے جیسے وہ ان کا قریبی رشتہ دار ہو۔مجھے یہ شرف حاصل ہوا کہ میں خود شمیم حنفی کے دولت کدے پر گیا اور ان کے ساتھ اس طرح سا ناشتہ کیا کہ جیسے برسوں سے وہ مجھے جانتے ہوں۔اس کے علاوہ قرالعین حیدر کے تعلق سے انہوں نے مجھے بہت سی کارآمد باتیں بتائیں اور ایک کتاب بھی تحفہ دی۔ میں شمیم حنفی صاحب کی مغفرت کی دعا کرتا ہوں۔ڈاکٹر آصف علی نے کہا کہ ہمارے شعبے میں کافی دنوں سے تحقیقی وتنقیدی کام ہورہے ہیں۔ بہت سے طلبا یہاں سے پی۔ایچ،ڈی کی ڈگری حاصل کر کے ہندوستان کے معتبر اداروں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔آج کا پروگرام بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں پروفیسر کوثر مظہری تشریف لائے ہم آپ کے بے حد شکرگزار ہیں۔ڈاکٹر شاداب علیم نے کہا کہ شمیم حنفی نے واقعتاً اردو ادب کی بہت خدمات انجام دی ہیں اور اسی کے اعتراف میں انہیں نہ صرف قومی سطح کے غالب ایوارڈ، مولانا ابوالکلام آزاد ایوارڈ، بلکہ قطر نے بھی اردو فروغ کے لیے آپ کو اعزاز سے نوازا تھا۔آپ کا چھوڑا ہوا ادبی سرمایہ نئی نسل کو فیض یاب کرتا رہے گا۔پروگرم میں، ڈاکٹر الکا وششٹھ، محمد شمشاد، طاہرہ پروین، محمد شاہد، مدیحہ اسلم، محمد اکرم اور طلبہ وطالبات موجود رہے۔

سی آئی ڈی بڑے پیمانے پر ردوبدل کیا جائے گا: ممتا بنرجی

یواین آئی

کلکتہ /// ریاستی انٹیلی جنس ایجنسی سی آئی ڈی میں ہر سطح پر ردوبدل کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ ممتا بنرجی نے جمعرات کی سہ پہر نوبنو میں سے یہ بات کہی۔ ساتھ ہی انہوں نے ریاستی پولیس کی خصوصی ٹاسک فورس اور اینٹی کرپشن بیورو کو مضبوط کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ ریاست میں آلو- پیاز کی قیمتوں میں اضافے کو روکنے کے لیے کئی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ممتا بنرجی نے ناراضگی ظاہر کی ہے کہ ریاستی پولس دام کو کنٹرول کرنے کیلئے کردار ادا کرنہیں کررہ ہے۔ریاست میں کوئلہ اور ریت کی اسمگلنگ کے الزامات نئے نہیں ہیں۔مغربی بردوان کے آسنسول، رانی گنج کے علاقوں میں غیر قانونی کوئلہ نکالنے اور اسمگلنگ کے الزامات کبھی کبھار سامنے آتے ہیں۔ ریت چوری کے معاملے میں بھی ایسے ہی الزامات لگائے گئے۔ریاست کے کئی اضلاع میں ندیوں سے ریت کی غیر قانونی چوری کے الزامات لگ رہیہیں۔کوئلہ اور ریت کی اسمگلنگ کو لے کر اپوزیشن کی جماعتیں ممتا حکومت پر سوال کھڑا کرتے رہے ہیں۔وزیراعلیٰ ممتا بنرجی نے پولس کو ہدایت دی ہے کہ سیاست کا رنگ دیکھے بغیر کارروائی کریں۔ تاہم، وزیراعلیٰ اور ریاست کے پولیس وزیر نے الزام لگایا کہ پیسوں کے عوض مرکزی فورسز اور پولیس کی نچلی سطح اس غیر قانونی کاروبار میں مدد کررہی ہے۔وزیراعلی نے کہا کہ میں سی آئی ایس ایف کے کسی حصے یا پولیس کے کسی حصے کو پیسے چوری کرنے کی اجازت نہیں دوں گی۔ اگر کوئی سیاسی جماعت ملوث ہے تو اسے قانونی طور پر گرفتار کیا جائے۔اسے جیل بھیج دو۔وزیر اعلیٰ نے یہ بھی واضح کیا کہ اگر ان کی پارٹی کا بھی کوئی ٹولہ باز اس میں ملوث ہے تو اس کے خلاف بغیر کسی تفریق کے کارروائی کی جائے۔اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ دوسری ریاست کے لوگ ہتھیار لے کر آرہے ہیں انہوں نے کہا کہ پولیس انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے۔ممتا بنرجی نے مختلف شاپنگ مالز کے حکام کو خبردار کیا ہے۔ممتا بنرجی کو شبہ ہے کہ سماج دشمن عناصر شاپنگ مال میں پناہ لے رہے ہیں۔وزیراعلیٰ کو لگتا ہے۔۔

سپریم کورٹ نے ہماچل کے چھ ایم ایل ایز کے خلاف نااہلی کی کارروائی کی ہدایات پر پابندی لگادی

یواین آئی

نئی دہلی /// سپریم کورٹ نے ہماچل پردیش میں پارلیمانی سکریٹریوں کے طور پر مقرر کردہ ایم ایل ایز کے خلاف نااہلی کی کارروائی شروع کرنے کے ہائی کورٹ کی حالیہ ہدایت پر جمعہ کو اگلی سماعت تک روک لگا دی چیف جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس سنجے کمار کی ڈویژن بنچ نے متعلقہ فریقوں کے دلائل سننے کے بعد یہ حکم دیا۔سپریم کورٹ نے تاہم کہا کہ اس دوران ایم ایل اے کی سکریٹری کے طور پر تقرری نہیں ہونی چاہئے، عدالت نے جواب دہندگان کو جوابی حلف نامہ داخل کرنے کے لئے دو ہفتے کا وقت دیا اور پھر ریاستی حکومت کو جواب داخل کرنے کے لئے مزید دو دن کا وقت دیا۔سپریم کورٹ کے سامنے ہماچل حکومت کی طرف سے سینئر وکیل کپل سبل اور اے ایم سنگھوی نے بحث کی۔انہوں نے کہا کہ مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی حکومتوں کے فیصلوں سے پیدا ہونے والی اسی طرح کی درخواستیں اس عدالت میں زیر التوا ہیں۔سینئر وکیل منیندر سنگھ نے اس عبوری راحت کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس سے قبل سپریم کورٹ نے منی پور حکومت کی طرف سے 2022 میں منظور کیے گئے اسی طرح کے قانون کو کالعدم قرار دیا تھا۔ہماچل پردیش حکومت نے ہائی کورٹ کے اس حکم کے خلاف عدالت عظمیٰ میں درخواست دائر کی جس میں وزیراعلیٰ سکھوندر سنگھ سکھو کی قیادت والی حکومت کی طرف سے چھ چیف پارلیمانی سیکرٹریوں (سی پی ایس) کی تقرری کو کالعدم قرار دینے کے ساتھ ساتھ اس قانون کو کالعدم قرار دیا گیا تھا۔ریاستی کانگریس حکومت نے 8 جنوری 2023 کو اپنی کابینہ میں توسیع سے پہلے چھ چیف پارلیمانی سکریٹریوں کا تقرر کیا- سنجے اوتھی، آرکی اسمبلی حلقہ سے ایم ایل اے، کلّو سے سندر سنگھ، دون سے رام کمار، روہڑو سے موہن لال برکتا، آشیش بٹل اور پالم پور سے کشوری لال کی تقرری ہوئی۔ریاستی حکومت نے سپریم کورٹ میں دائر اپیل میں چھ پارلیمانی سکریٹریوں کی تقرری کو اختیار دینے کی کوشش کی ہے اور کہا ہے کہ ہائی کورٹ کا حکم "قانون میں غلط" ہے۔

منی پور میں خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے فوری کارروائی کی جائے۔ ویمن انڈیا موؤمنٹ

لازوال ڈیسک

نئی دہلی /// ویمن انڈیا موؤمنٹ (WIM) کی قومی صدر محترمہ یاسمین اسلام نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں مطالبہ کیا ہے کہ منی پور میں خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے فوری کارروائی کی جائے۔ ویمن انڈیا موؤمنٹ منی پور میں خواتین اور بچوں کے خلاف بڑھتے ہوئے تشدد سے بہت پریشان ہے۔ جو میتی اور کوکی برادریوں کے درمیان نسلی کشیدگی کے باعث ہورہا ہے۔اس بحران نے صنفی بنیاد پر تشدد اور انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزیوں کی ہولناک کارروائیوں کو جنم دیا ہے۔ویمن انڈیا موؤمنٹ کی قومی

صدر یاسمین اسلام نے اس بات کی طرف خصوصی نشاندہی کرتے ہوئے کہا ہے کہ منی پور کی تباہ کن حقیقت یہ ہے کہ خواتین کو نامناسب طور پر نشانہ بنایا جارہا ہے، انہیں عصمت دری، عوامی تذلیل اور وحشیانہ حملوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بچوں کو خوف وتشدد کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جس کے نتیجے میں شدید نفسیاتی صدمہ ہوا ہے اور تعلیم، حفاظت اور فلاح و بہبود سے سمجھوتہ کیا گیا ہے۔ نیز بچوں کے اغوا اور جبری نقل مکانی کے حالیہ واقعات نے ان کے مصائب کو مزید بڑھا دیا ہے۔لہذا، ویمن انڈیا موؤمنٹ مرکزی اور ریاستی حکومتوں سے فوری ایکشن لینے کی اپیل کرتی ہے۔فوری انصاف، جنسی اور جنس پر مبنی تشدد کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کو تیز کیا جائے اور کمزوروں کی حفاظت کے لیے مناسب سیکورٹی فورسز تعینات کریں۔

ضمانت کی شرائط میں نرمی کی سسودیا کی درخواست پر سپریم کورٹ نے سی بی آئی، ای ڈی کو نوٹس جاری کیا

یواین آئی

نئی دہلی /// دہلی کے سابق نائب وزیراعلی منیش سیسوڈیا کی ضمانت کی شرائط میں شامل تفتیشی افسر کے سامنے حاضری لگانے میں نرمی کرنے کی درخواست پر سپریم کورٹ نے جمعہ کو سنٹرل بیورو آف انوسٹی گیشن (سی بی آئی) اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کو ایک نوٹس جاری کیا جسٹس بی آر گاوائی اور کے وی وشوا ناتھن کی بنچ نے مسٹر سسودیا کی جانب سے سینئر وکیل اے ایم سنگھوی کے دلائل سننے کے بعد دونوں مرکزی ایجنسیوں کو اپنا اپنا موقف پیش کرنے کی ہدایت دی۔ بنچ نے کہا کہ وہ اس معاملے پر دو ہفتے بعد غور کرے گی، ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا کہ وہ درخواست پر سماعت کی اگلی تاریخ کو فیصلہ کرے گی۔مسٹر سنگھوی نے

اپنی عرضی میں کہا کہ وہ (سسودیا) ایک قابل احترام شخص ہیں۔ عدالتی حکم کے بعد وہ 60 مرتبہ متعلقہ تفتیشی افسر کے سامنے پیش ہو چکے ہیں۔ انہوں نے عدالت سے اپیل کی کہ وہ کیس کی سماعت کی قریب ترین تاریخ طے کرے، کیونکہ انہیں خدشہ ہے کہ دوسرا فریق (ای ڈی۔سی بی آئی) کیس میں التوا کی مانگ کرسکتا ہے۔9 اگست 2024 کو سپریم کورٹ نے سی بی آئی اور ای ڈی دونوں کیسوں میں ملزم سسودیا کو ضمانت دے دی تھی۔ضمانت دیتے ہوئے سپریم کورٹ نے مشاہدہ کیا تھا کہ مقدمے کی سماعت میں تاخیر اور طویل عرصے تک جیل میں رہنے سے آئین کے آرٹیکل 21 کے تحت ان کے (سسودیا) کی آزادی کے حق پر اثر پڑتا ہے۔ضمانت کی شرائط کے ایک حصے کے طور پر سپریم کورٹ نے سسودیا کو ہر پیر اور جمعرات کو صبح 10 بجے سے 11 بجے کے درمیان تفتیشی افسر کے سامنے پیش ہونے کا حکم دیا تھا۔اس کے بعد عدالت نے دہلی ہائی کورٹ کے 21 مئی 2024 کے حکم کو مسترد کر دیا تھا، جس میں انہیں ضمانت دینے سے انکار کر دیا گیا تھا۔مسٹر سیسودیا نے ہر پیر اور جمعرات کو تفتیشی افسر کے سامنے پیش ہونے کے لیے ضمانت کی شرائط میں نرمی کی درخواست کی ہے۔عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے سینئر لیڈر سسودیا کو 26 فروری 2023 کو گرفتار کیا گیا تھا، جب وہ نائب وزیراعلیٰ تھے۔بعد میں انہوں نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔

آسارام کی عرضی پر گجرات حکومت کو سپریم کورٹ کا نوٹس

یواین آئی

نئی دہلی /// سپریم کورٹ نے جنسی زیادتی کے معاملے میں عمر قید کی سزا کاٹ رہے 86 سالہ خود ساختہ بھگوان آسارام باپو کی طبی بنیادوں پر ضمانت کی درخواست پر جمعہ کو گجرات حکومت کو نوٹس جاری کیا اور تین ہفتوں میں جواب داخل کرنے کی ہدایت دی ہے ریاستی حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جسٹس ایم ایم سندریش اور اروند کمار کی بنچ نے کہا کہ چونکہ یہ پوکسو کیس ہے، اس لیے یہ عدالت طبی بنیادوں پر اس ضمانت کی درخواست پر غور کرے گی۔بنچ کے سامنے عرضی گزار کی طرف سے پیش ہونے والے سینئر وکیل دما شیشادری نائیڈو نے دلیل دی کہ وہ (آسارام) کئی بیماریوں میں مبتلا ہیں جن میں 'بلاکیج' بھی شامل ہے۔اس معاملے میں آسارام نے سپریم کورٹ سے رجوع ہوکر سزا کو معطل کرنے اور ضمانت کی مانگ کی ہے۔ انہوں نے اپنی درخواست میں دعویٰ کیا ہے کہ وہ 'میڈیا ٹرائل' اور ان کے 'آشرم' پر کنٹرول حاصل کرنے کی سازشوں کا شکار ہیں۔ انہوں نے اپنی درخواست میں، جو ایڈوکیٹ راجیش انعامدار اور شاشوت آنند کے ذریعے دائر کی، الزام لگایا کہ ان کی سزا بے ضابطگیوں سے بھری ہوئی ہے۔ یہ صرف شکایت کنندہ کی غیر تصدیق شدہ گواہی پر مبنی ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ الزامات کی حمایت کے لیے کوئی طبی یا آزاد ثبوت نہیں ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس کی ساکھ خراب کرنے اور انہیں اپنے آشرم سے نکالنے کے لیے اسے جھوٹا پھنسایا گیا ہے۔درخواست میں متعدد دل کے دورے اور سنگین بیماری سمیت صحت کے سنگین مسائل کا حوالہ دیتے ہوئے آسارام نے دلیل دی کہ ان کی مسلسل قید آئین کے آرٹیکل 14، 19 اور 21 کے تحت ان کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔درخواست میں یہ بھی دعویٰ کیا

کوشامبی: پٹرول پمپ پر تنازعہ پر فائرنگ، دو زخمی

یواین آئی

کوشامبی /// اتر پردیش کے کوشامبی ضلع کے پپری تھانہ علاقے میں آج دن دہاڑے فائرنگ سے ایک پٹرول پمپ مالک اور اس کا بیٹا شدید زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق جمعہ کے روز چار نامعلوم لوگ تیل بھرنے کے لئے بائک پر دلا پور گاؤں کے پٹرول پمپ پر پہنچے۔ پیٹرول بھرنے کے بعد کم یا زیادہ پیٹرول بھرنے پر جھگڑا ہوا۔ تنازعہ بڑھتے ہی موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم حملہ آوروں نے فائرنگ کردی، جس میں پٹرول پمپ کی مالکن نانکی دیوی اور اس کا بیٹا جتیندر گولیوں سے زخمی ہوگئے۔اس دوران حملہ آور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے زخمی ماں بیٹے کو علاج کے لیے ضلع اسپتال بھرتی کرادیا ہے۔ پولیس کا سب انسپکٹر رشوت لیتے ہوئے گرفتار چنڈی گڑھ، 22 نومبر (یواین آئی) ہریانہ اینٹی کرپشن بیورو نے فرید آباد ضلع کے این آئی ٹی تھانے میں تعینات ایک پولیس سب انسپکٹر کو 12.50 لاکھ روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا ہے۔

پلانٹ لگانے میں وی ایس ایس ایل کو مکمل تعاون دیا جائے گا: مان

یواین آئی

چنڈی گڑھ /// پنجاب کے وزیر اعلی بھگونت سنگھ مان نے جمعہ کو وردھمان اسپیشل اسٹیلز لمیٹڈ (وی ایس ایس ایل) کو ریاست میں الیکٹرک آرک فرنس روٹ کے ذریعے 1750 کروڑ روپے کی لاگت سے خصوصی الائے اسٹیل کی تیاری کے لیے گرین فیلڈ یونٹ قائم کرنے کیلیے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔وزیراعلیٰ نے وی ایس ایس ایل کے وائس چیئرمین اور منیجنگ ڈائریکٹر سچیت جین کے ساتھ یہاں پنجاب سول سیکرٹریٹ میں اپنے دفتر میں ملاقات کے دوران کہا کہ ریاستی حکومت ریاست میں

سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ خوشی کی بات ہے کہ وی ایس ایس ایل 1750 کروڑ روپے کی لاگت سے الیکٹرک آرک فرنس روٹ کے ذریعے خصوصی الائے اسٹیل کی تیاری کے لیے گرین فیلڈ یونٹ قائم کررہا ہے۔ بھگونت سنگھ مان نے کہا کہ تقریباً پانچ لاکھ ٹی پی اے کی نصب صلاحیت کے ساتھ یہ پروجیکٹ ایچی اسٹیل کارپوریشن، جاپان کے تعاون سے 1750 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے قائم کیا جائے گا۔مسٹر مان نے کہا کہ اس پروجیکٹ سے ریاست کے 1500 سے زیادہ نوجوانوں کو روزگار ملنے کی امید ہے اور کمپنی اس پلانٹ سے 'گرین اسٹیل' تیار کرے گی۔انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ ریاست اور ملک کے لیے بہت زیادہ آمدنی پیدا کرے گا کیونکہ کل پیداوار کا 20 فیصد سے زیادہ مختلف جاپانی/یورپی کمپنیوں کو برآمد کیا جائے گا۔بھگونت سنگھ مان نے کہا کہ وی ایس ایس ایل ایک عالمی شہرت یافتہ کمپنی ہے اور اس نامور کمپنی کی طرف سے ریاست میں کی گئی بھاری سرمایہ کاری دیگر کمپنیوں کو بھی ایسا کرنے کی ترغیب دے گی۔

Govt. of Jammu & Kashmir (U.T)
IN THE COURT OF THE EXECUTIVE MAGISTRATE 1ST CLASS CHHATROO

Email Id:-tehsildarchhatroo1@gmail.com
NOTICE TO PUBLIC AT LARGE
Present:-Sujha Hamid Banday
1.Bashir Ahmed S/o AhamdooKoli R/o ZallaChhatroo Tehsil Chhatroo Dist. Kishtwar
(Applicant)
V/S
1. Block Development Officer Inderwal
(Non- Applicants)

Whereas the applicants named above have filled applications before this court seeking direction to the non- applicant to register the D.O.B particulars of the applicants as mentioned below in Birth Register under Section 11 (3) of the Registration of Births and Deaths (Amendment) Act 2023 and issuance of D.O.B certificates to applicants.
1.Mohd Irfan S/o Bashir Ahmed D.O.B 03-03-2009
2.MohdAarif S/o Bashir Ahmed Koli D.O.B 03-04-2012
3. Akther Hussain S/o Bashir Ahmed Koli D.O.B 10-02-2016

Therefore by virtue of this notice the General Public is informed that if any person/s has/have any objection in respect of above mentioned applicants particulars, he/she/they shall appear in this court and file objection/s with in a period of seven days from the date of the publication of this notice failing which the applications will be dealt in accordance with law.
Issued under my hand seal today on 22-11-2024.
No:-Reg/B&D/TC/2024-25 /2630
Date:- 22-11-2024.
Sd/-
EXECUTIVE MAGISTRATE 1ST CLASS CHHATROO

Govt. of Jammu & Kashmir (U.T)
IN THE COURT OF THE EXECUTIVE MAGISTRATE 1ST CLASS CHHATROO

Email Id:-tehsildarchhatroo1@gmail.com
NOTICE TO PUBLIC AT LARGE
1. Ghulam Mohd S/o Lala Bumal R/o Doga Batwari Tehsil Chhatroo Dist. Kishtwar
(Applicant)
V/S
1. Block Development Officer Inderwal
(Non- Applicants)

Whereas the applicants named above have filled applications before this court seeking direction to the non- applicant to register the D.O.B particulars of the applicants as mentioned below in Birth Register under Section 11 (3) of the Registration of Births and Deaths (Amendment) Act 2023 and issuance of D.O.B certificates to applicants.
RUBINA BANOO S/O GHULAM MOHD D.O.B 25/09/2012

Therefore by virtue of this notice the General Public is informed that if any person/s has/have any objection in respect of above mentioned applicants particulars, he/she/they shall appear in this court and file objection/s with in a period of seven days from the date of the publication of this notice failing which the applications will be dealt in accordance with law.
Issued under my hand seal today on 22/11/2024
No:-Reg/B&D/TC/2024-25 /2632
Date:- 22-11-2024.
Sd/-
EXECUTIVE MAGISTRATE 1ST CLASS CHHATROO